Urdu / اردو

AEC Australian Electoral Commission

# آپ کے لیے باضابطہ رہنمائی

## فیڈرل الیکشن 2019 کے بارے میں

**ہفتہ، 18 مئی 2019**

آپکا ووٹ آسٹریلیا کی شباہت طے کرنے میں مدد دے گا



**18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے تمام آسٹریلین شہریوں کے لیے ووٹ دینا لازمی ہے**

# الیکشن اس دن ہو رہا ہے: ہفتہ، 18 مئی 2019۔
# پولنگ کے مقامات صبح ٹھیک 8 بجے سے شام ٹھیک 6 بجے کے درمیان کھلے ہوں گے۔

## میں کہاں ووٹ دے سکتا ہوں؟

الیکشن والے روز آپ اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری میں پولنگ کے کسی بھی مقام پر ووٹ دے سکتے ہیں۔

پولنگ کے مقامات بالعموم مقامی سکولوں، چرچوں اور کمیونٹی ہالز یا سرکاری عمارتوں میں ہوتے ہیں۔

اپنا قریب ترین پولنگ کا مقام معلوم کرنے کے لیے **www.aec.gov.au/where** دیکھیں۔ پولنگ کے مقامات کی تفصیلات الیکشن سے ایک روز پہلے بڑے شہروں کے اخباروں میں بھی شائع کی جائیں گی۔

آپ **www.aec.gov.au/where** پر پولنگ کے مقامات کی قابل رسائی ہونے کے لحاظ سے درجہ بندی اور تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔

نابینا افراد یا کمزور نظر رکھنے والوں کے لیے ووٹنگ کے مواقع جاننے کے لیے براہ مہربانی **13 23 26** پر فون کریں۔

اگر آپ الیکشن والے روز کسی اور سٹیٹ میں ہوں تو آپ وہاں دوسری سٹیٹس کے لوگوں کے لیے مخصوص ووٹنگ سنٹر میں ووٹ دے سکتے ہیں یا نیچے درج قبل از وقت ووٹ دینے کے مواقع پر غور کریں۔

## اگر میں الیکشن والے روز نہ پہنچ سکتا ہوں تو؟

اگر آپ الیکشن والے روز اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری میں پولنگ کے مقام پر نہ پہنچ سکتے ہوں تو آپ قبل از وقت خود جا کر یا بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

### خود جا کر قبل از وقت ووٹ کیسے دیا جائے

آپ الیکشن کے دن سے پہلے ووٹ دینے کے لیے مخصوص سنٹر میں جا کر، یا موبائل پولنگ ٹیم کے پاس یا آسٹریلیا سے باہر کسی ووٹنگ سنٹر میں ووٹ دے سکتے ہیں۔

قبل از وقت ووٹ دینے کے لیے مخصوص سنٹر **پیر 29 اپریل 2019** سے کھلے ہیں۔ ان سنٹروں کے کھلنے کی تاریخیں اور اوقات مختلف ہیں لہذا **www.aec.gov.au/where** پر جا کر ایسے ہر سنٹر کی تفصیلات پڑھ لیں۔

مزید معلومات کے لیے، نیز اہلیت کے بارے میں جاننے کے لیے **www.aec.gov.au** دیکھیں یا **13 23 26** پر فون کریں۔

### بذریعہ ڈاک قبل از وقت ووٹ کیسے دیا جائے

اگر آپ اہل ہوں تو آپ **www.aec.gov.au/pva** پر بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کی آن لائن درخواست کر سکتے ہیں۔ درخواست فارم AEC کے تمام دفاتر سے بھی دستیاب ہیں۔ اپنی درخواست AEC کو جلد از جلد بھیج دیں تاکہ یہ ہمیں **بدھ 15 مئی 2019 کو شام 6 بجے** تک ضرور مل جائے۔

## کیا میرا الیکٹورل ڈویژن (انتخابی حلقہ) بدل گیا ہے؟

اب 151 فیڈرل الیکٹورل ڈویژن موجود ہیں (دو نئے ڈویژنوں کو ملا کر)۔ پچھلے فیڈرل الیکشن کے بعد سے کچھ ڈویژنوں کے نام بدل گئے ہیں اور کئی ڈویژنوں کی حدود بدل گئی ہیں۔

**www.aec.gov.au/electorate** پر دیکھیں کہ آپ کونسے الیکٹورل ڈویژن میں رہتے ہیں۔

## یہ آپکا فیصلہ ہے کہ آپ کسے ووٹ دیں گے

ممکن ہے پولنگ کے مقام کے باہر امیدواروں کے نمائندے آپکو ووٹ دینے کا طریقہ بتانے والے کارڈ پیش کریں جن میں آپکو ایک خاص طریقے سے ووٹ دینے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ آپکو ووٹ دینے کا طریقہ بتانے والے کارڈ قبول کرنے یا ان پر عمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## آپ کا ووٹ شمار ہونے کیلئے کیا ضروری ہے؟

انتخابات والے دن آپ کو **دو بیلٹ پیپر** ملیں گے:

- سبز بیلٹ پیپر جو ہاؤس آف ریپریزنٹیٹیوز کیلئے ہے اور
- سفید بیلٹ پیپر جو سینیٹ کیلئے ہے۔

آپ کے لیے دونوں بیلٹ پیپر مکمل کرنا ضروری ہے۔

سبز بیلٹ پیپر پر آپ ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز کے لیے اپنے مقامی علاقے یا الیکٹوریٹ سے ایک نمائندے کے لیے ووٹ دیتے ہیں۔


سفید بیلٹ پیپر پر آپ اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری کے نمائندوں کو سینیٹ کے لیے ووٹ دیتے ہیں۔

**اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو پریشان نہ ہوں۔ آپ ایک اور بیلٹ پیپر مانگ کر دوبارہ بھر سکتے ہیں۔**

کیا آپکو پتہ ہے کہ آپ AEC کی ویب سائیٹ پر ووٹ دینے کی مشق کر سکتے ہیں؟ یہاں دیکھیں **www.aec.gov.au/practise-voting**

### ہاؤس آف ریپریزنٹیٹیوز

سبز بیلٹ پیپر پر آپکو اپنی پسند کی ترتیب سے **ہر خانے میں** ایک ہندسہ لکھنا ہو گا۔


House of Representatives
Ballot Paper
OFFICIAL USE ONLY

State
**Electoral Division of Division Name**

**Number the boxes from 1 to 8 in the order of your choice**

| | | |
|---|---|---|
| 2 | SURNAME, Given Names | INDEPENDENT |
| 3 | SURNAME, Given Names | PARTY |
| 7 | SURNAME, Given Names | PARTY |
| 4 | SURNAME, Given Names | PARTY |
| 1 | SURNAME, Given Names | PARTY |
| 5 | SURNAME, Given Names | PARTY |
| 6 | SURNAME, Given Names | PARTY |
| 8 | SURNAME, Given Names | PARTY |

Remember... number every box to make your vote count

SAMPLE

بیلٹ پیپر کا نمونہ

## سینیٹ


سفید بیلٹ پیپر پر آپ ان دو طریقوں میں سے ایک استعمال کرتے ہوئے ووٹ دے سکتے ہیں:

**یا تو**

### لکیر کے اوپر

اگر آپ لکیر کے اوپر ووٹ دینے کا انتخاب کریں تو آپ کو **کم از کم 6 خانوں میں ہندسے** لکھنے ہوں گے۔


جو پارٹی یا گروپ آپکی پہلی پسند ہے، اس کے خانے میں '1' لکھیں، اور دوسرے نمبر پر اپنی پسند کے خانے میں '2' لکھیں اور اسی طرح کم از کم 6 خانوں میں ہندسے لکھ لیں۔ اسکے بعد بھی آپ لکیر کے اوپر جتنے خانوں میں چاہیں، اپنی مرضی کی ترتیب سے ہندسے لکھنا جاری رکھ سکتے ہیں۔




**یا**

### لکیر کے نیچے

اگر آپ لکیر کے نیچے ووٹ دینے کا انتخاب کریں تو آپکو **کم از کم 12 خانوں میں ہندسے**، 1 سے 12 تک، لکھنے ہوں گے جو آپ انفرادی امیدواروں کے لیے اپنی پسند کی ترتیب سے لکھیں گے۔ اسکے بعد بھی آپ لکیر کے نیچے جتنے خانوں میں چاہیں، اپنی مرضی کی ترتیب سے ہندسے لکھ سکتے ہیں۔




بیلٹ پیپر کا نمونہ

**اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو پریشان نہ ہوں۔ آپ ایک اور بیلٹ پیپر مانگ کر دوبارہ بھر سکتے ہیں۔**

کیا آپکو پتہ ہے کہ آپ AEC کی ویب سائیٹ پر ووٹ دینے کی مشق کر سکتے ہیں؟
یہاں دیکھیں **www.aec.gov.au/practise-voting**

## پولنگ کے مقام پر کیا ہوتا ہے؟

1. ایک پولنگ اہلکار آپکا پورا نام، پتہ اور یہ پوچھے گا کہ کیا آپ نے پہلے اس الیکشن میں ووٹ دیا ہے۔ وہ ووٹروں کی فہرست میں آپکے نام پر نشان لگا دے گا۔



2. آپکو دو بیلٹ پیپر دیے جائیں گے - سبز بیلٹ پیپر ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز کے لیے اور سفید بیلٹ پیپر سینیٹ کے لیے۔



3. **دونوں بیلٹ پیپروں پر دی گئی ہدایات دھیان سے پڑھ لیں۔** اگر آپکو کوئی بات ٹھیک سمجھ نہ آئے تو کسی پولنگ اہلکار سے مدد مانگ لیں۔



4. بیلٹ پیپروں کو مکمل کر لینے کے بعد انہیں تہ کریں اور درست بیلٹ باکس میں ڈال دیں۔

## اس رہنمائی کی متبادل صورتیں

آپ اس رہنمائی کی متبادل صورتیں جیسے آڈیو اور موٹے حروف میں چھپائی **www.aec.gov.au** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ 26 23 13 پر فون کر کے بریل میں بھی رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

اگر آپ سماعت سے محروم ہیں یا آپکی سماعت یا گویائی ناقص ہے تو نیشنل ریلے سروس (NRS) کے ذریعے ہم سے رابطہ کریں:

- TTY استعمال کرنے والے 77 36 13 پر فون کریں اور 26 23 13 پر رابطہ کروانے کیلئے کہیں۔
- Speak and Listen استعمال کرنے والے 727 555 1300 پر فون کریں اور 26 23 13 پر رابطہ کروانے کیلئے کہیں۔
- انٹرنیٹ ریلے استعمال کرنے والے NRS کے ساتھ کنیکٹ کریں اور 26 23 13 پر رابطہ کروانے کیلئے کہیں۔

### دوسری زبانوں میں معلومات

اس رہنمائی کے تراجم **www.aec.gov.au/translated** سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

### فون پر ترجمے کی خدمات

ووٹ دینے اور الیکشن کے بارے میں معلومات کے لیے فون پر ترجمے کی خدمات دستیاب ہیں۔ 153 720 1300 پر فون کریں اور اپنی زبان کے لیے پوچھیں۔

18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے تمام آسٹریلین شہریوں کے لیے ووٹ دینا لازمی ہے۔ ۔ اگر آپ ووٹ نہ دیں تو آپکے خلاف قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔

**اگر آپ ایک سے زیادہ دفعہ ووٹ دیں تو یہ جرم ہے۔**

17_0919



Authorised by the Electoral Commissioner, Canberra.